علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی۔اے	سمسٹر: بہار 2009ء
پرچہ: اخلاقیات (418)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۔1	**(الف) خالی جگہ مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔** ۱۔ عمرانیات کی طرح اخلاقیات بھی مقاصد اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دونوں سے بحث کرتی ہے۔ (ذرائع۔مطالب۔فضائل) ۲۔ ارادی اعمال ہی اصل میں۔۔۔۔۔۔اعمال کہلائے جانے کے مستحق ہوتے ہیں۔ (اچھے۔برے۔انسانی) ۳۔ علم کی تلاش بہت سے لوگوں کے لیے ایک۔۔۔۔۔۔۔عمل ہوتا ہے۔ (پرلطف۔بے کار۔نفع بخش) ۴۔ اقتدار اعلیٰ کا مطلب ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اختیار۔ (اعلیٰ ترین۔کم تر۔بدتر) ۵۔ ریاست کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اہم عناصر ترکیبی ہیں۔ (چار۔دو۔چھ)	(10)
	(ب) صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۔ ریاست کی آبادی روسو کے خیال میں دس ہزار ہونی چاہیے۔ ص/غ ۲۔ بیرونی اقتدار اعلیٰ ریاست کی بیرونی تسلط سے آزادی کو ظاہر کرتا ہے۔ ص/غ ۳۔ قدیم معاشرتی زندگی کا آغاز بڑے بڑے گروہوں کی صورت میں ہوا۔ ص/غ ۴۔ معاشرتی یا گروہی زندگی انسان کی فطری ضرورت نہیں ہے۔ ص/غ ۵۔ غیر اختیاری اعمال اخلاقیات کے دائرے میں نہیں آتے ہیں۔ ص/غ	(10)
سوال نمبر۔2	**''انسان ایک معاشرتی حیوان ہے''۔** وضاحت کریں۔	(20)
سوال نمبر۔3	ریاست کی تعریف بیان کریں نیز ریاست کے عناصر ترکیبی پر نوٹ لکھیں۔	(20)
سوال نمبر۔4	اخلاقیات کے معیار کے پیمانے واضح کریں۔	(20)
سوال نمبر۔5	معاشرتی عمل وتفاعل سے کیا مراد ہے نیز معاشرے کی اہمیت اور ضرورت پر نوٹ لکھیں۔	(20)
سوال نمبر۔6	اخلاقیات کا مفہوم اور مقاصد تفصیل سے بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔7	انسانی اعمال کو کن دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟ مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔	(20)
سوال نمبر۔8	**درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔** ۱۔ اخلاقیات اور دوسرے علوم ۲۔ قدر کا مفہوم ۳۔ اخلاقیات میں اقدار کی اہمیت	(20)

****